# 26-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے مفت ایچ پی وی ویکسین مہم کو تاریخی قرار دیا۔

۲۔ کے ٹی آر نے کھمم کا دورہ کیا، بھودان اراضی جدوجہد میں مقامی عدالت سے اعلیٰ عدالت تک بی آر ایس کی حمایت کا یقین دلایا۔

۳۔سال دوم انٹرمیڈیٹ کے پہلے پرچہ میں 97.76 فیصد حاضری ریکارڈ کی گئی جبکہ ورنگل اور رنگاریڈی اضلاع سے نقل نویسی کی اطلاعات ہیں۔

۴۔ بھارت اوراسرائیل کے درمیان متعدد مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ، وزیراعظم مودی نے کہا کہ ان معاہدوں سے مصنوعی ذہانت، کوانٹم اوراہم معدنیات کے شعبوں میں تعاون کونئی جہت ملے گی۔

SEETHAKKA:

ضلع ملگ میں وزیر سیتا اکا نے گووندارا و پیٹ منڈل کے پاسارا گاؤں میں اندرا مہیلا شکتی پروگرام کے تحت ویلیج فیڈریشن عمارتوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ پنچایت راج محکمہ کے ذریعہ دس لاکھ روپے کی لاگت سے جاری اس اقدام کو خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے حکومت کے عزم کا مظہر قرار دیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ عوامی حکومت مختلف خصوصی اسکیموں کے ذریعہ تمام شعبوں میں خواتین کی ترقی کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے خواتین میں ایک کروڑ ساڑیوں کی تقسیم کا اعلان کیا اور بزرگوں کی معاونت کے منصوبوں سے بھی آگاہ کیا۔ ساٹھ سال سے زائد عمر کی خواتین کے لیے خصوصی گروپس قائم کئے جارہے ہیں تا کہ بزرگ خواتین کو ترقیاتی دھارے میں شامل کرتے ہوئے انہیں ضروری سماجی سہارا فراہم کیا جا سکے۔

SWEARING IN:

ناگرکرنول میں رکن اسمبلی ڈاکٹر کے راجیش ریڈی نے نومنتخب بلدیاتی مجلس عاملہ کی حلف برداری تقریب میں شرکت کی۔اس مجلس کی قیادت چیرمین ٹی سنیند راکمار اور نائب چیرمین بی رمیش کررہے ہیں۔تقریب کا آغاز ہندو، مسلم اور عیسائی مذہبی رہنماؤں کی دعاؤں سے ہوا جس نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی علامت پیش کی۔مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے خطاب کرتے ہوئے رکن اسمبلی نے نئی انتظامیہ پرزوردیا کہ وہ شفافیت اور باہمی تال میل کے ساتھ کام کرتے ہوئے عوام کومعیاری خدمات فراہم کرے۔

RAILWAYS:

مرکزی وزیرریلوے نے آج انڈین ریلوے کی جانب سے 52 ہفتوں میں باون اصلاحات کے عزم کے تحت مزید دو اصلاحات کا اعلان کیا۔قومی دارالحکومت میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے ریل ٹیک پالیسی متعارف کرائی جس کا مقصد ریلوے میں جدید ٹیکنالوجی کے وسیع پیمانے پر استعمال کوفروغ دینا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریلوے اختراع کاروں،نئی صنعتوں،صنعتکاروں اوراداروں کوجدت طرازی کے لئے شامل کرے گی۔وزیر نے بتایا کہ پالیسی کی تیاری میں اس بات کو پیش نظر رکھا گیا ہے کہ مصنوعی ذہانت کے ذریعہ مسافروں کی سلامتی اور تحفظ کومزید بہتر بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور دیگر جدیدٹیکنالوجیز ریلوے پٹریوں کے مختلف پیمانوں کی جانچ میں بھی معاون ثابت ہوں گی۔وزیر نے اختراع کے لئے ریل ٹیک پورٹل کا بھی اجرا کیا۔چوتھی اصلاح کے طور پر ای ریلوے کلیمز ٹریبونل کا اعلان کیا گیا جوشہریوں کے لئے سہولت پرمبنی اصلاح اور ڈیجیٹل حل ہے،جس کا مقصد ریلوے کلیمز ٹریبونل میں مقدمات کی کارروائی کوآسان اور جدید بنانا ہے۔

KOMATIREDDY:

وزیر برائے سڑکیں، عمارات اور سنیماٹوگرافی کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے نلگنڈہ گورنمنٹ میڈیکل کالج کی سالانہ تقریبات 'آدویتی۔2026'' میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔اس موقع پر وزیر نے ڈاکٹروں سے اپیل کی کہ وہ اپنی سفید پوشاک سے آگے بڑھ کر انسانیت کے جذبے اور خدمت کے احساس کے ساتھ غریبوں کی خدمت کریں۔ادارے کی حمایت کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے میڈیکل طلبہ کے فائدے کے لئے دوا ے سی بسوں کی منظوری کا اعلان کیا اور کالج میں بنیادی ڈھانچے سے متعلق کسی بھی مسئلے کو حل کرنے کے لئے اپنی آمادگی ظاہر کی۔انہوں نے بتایا کہ نلگنڈہ میڈیکل کالج کے پی جی طلبہ کو اے آئی جی میں تحقیق کرنے کی اجازت دینے کیلئے ایک معاہدہ طے پایا ہے۔اس تعلیمی تبادلے کو آسان بنانے کیلئے مفاہمتی یادداشت پر جلد دستخط متوقع ہیں۔

JUPALLY:

ریاستی وزیر برائے ایکسائز، سیاحت وثقافت اور ضلع عادل آباد کے انچارج وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے جمعرات کے روز ہاتھی گھاٹ پمپ ہاؤس اور چنکا۔کوراٹا بیراج کا فضائی سروے کیا۔بھیم پور اور بوراج منڈلوں کے دورہ کے دوران انہوں نے کہا کہ حکومت تمام زیر التوا آبپاشی منصوبوں کو جلد مکمل کرنے کے لئے پر عزم ہے تاکہ کسانوں کو وافر مقدار میں پانی فراہم کیا جا سکے۔وزیر نے ہاتھی گھاٹ پمپ ہاؤس میں جاری کاموں کا ذاتی طور پر معائنہ کیا اور افسران کے ساتھ تفصیلی جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کسان برادری کی فلاح و بہبود کے لئے سنجیدگی سے کام کر رہے ہیں۔

HPV VACCINE:

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے 14 تا 15 سال عمر کی لڑکیوں کے لئے ملک گیر مفت ایچ پی وی ٹیکہ کاری مہم شروع کرنے کے مرکزی حکومت کے فیصلے کی ستائش کی ہے اور اسے 'صحت مند بھارت' کی جانب ایک تاریخی قدم قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں شروع کیا گیا یہ پروگرام سروائیکل کینسر کے خلاف قوم کی بیٹیوں کے لئے حفاظتی ڈھال ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد نوجوان خواتین کی صحت اور مستقبل کا تحفظ یقینی بنانا ہے تاکہ وہ جان لیوا بیماریوں سے محفوظ رہیں۔ ریڈی نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنی بیٹیوں کو ٹیکہ لگوانے کے لئے قریبی سرکاری اسپتال یا آیوشمان آروگیہ مندر سے رجوع کریں۔

IVF:

گاندھی ہاسپٹلمیں سرکاری آئی وی ایف سہولت کے ذریعہ ایک خاتون نے صحت مند بچی کو جنم دیا، جو ریاستی حکومت کی آئی وی ایف خدمات کے تحت پہلی پیدائش قرار دی گئی۔ اس موقع پر وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے انڈین انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ اینڈ فیملی ویلفیئر میں طبی ٹیم کو اعزاز سے نوازا اور ڈاکٹر شوبھا، ڈاکٹر سمیترا نائر، ڈاکٹر فاطمہ رانی، ایمبریولوجسٹ شیوا کرشنا اور نرسنگ آفیسر پدموتی کی خدمات کو سراہا گیا۔

SCIENCE DAY:

Centre for DNA Fingerprinting and Diagnostics نے 26 فروری کو اوپن ڈے کا اہتمام کرتے ہوئے طلبہ کیلئے نیشنل سائنس ڈے کا انعقاد کیا گیا۔ ڈاکٹر ورشا سریواستو نے شرکا کا خیر مقدم کیا۔ ڈاکٹر شویتا تیاگی نے 'ون سیل، اینڈلیس پاسیبلٹیز ۔ جسٹ لائک یو' کے عنوان سے خطاب کیا۔ طلبہ نے جدید لیبارٹریوں کا دورہ کیا اور سائنسی نمائش میں حصہ لیا۔

CONFERENCE:

مرکزی وزیر برائے بہبودی خواتین و اطفال اناپورنا دیوی نے نئی دہلی میں 'سشکت ناری، وکست بھارت' کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کی قیادت حکومت کی پالیسی کا مرکز ہے۔ انہوں نے پردھان منتری مودرا یوجنا، اسٹارٹ اَپ انڈیا اور پی ایم سواندھی جیسی اسکیموں کا ذکر کیا۔ ان کے مطابق ملک میں تقریباً 10 کروڑ خواتین سیلف ہیلپ گروپس سے وابستہ ہیں جبکہ 2 کروڑ سے زائد خواتین لکھ پتی دیدی بن چکی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ STEM شعبوں میں تقریباً 43 فیصد طلبہ خواتین ہیں اور ہر ضلع میں طالبات کے لیے ایک ہاسٹل قائم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔

CHARGE:

انوراگ جینتی نے ضلع یادادری بھونگیر کے نئے کلکٹر کے طور پر عہدہ سنبھال لیا۔ ضلع کلکٹریٹ میں منعقدہ تقریب میں افسران وعملہ نے ان کا استقبال کیا۔ انہوں نے ترقیاتی منصوبوں کو تیز کرنے اور سرکاری فلاحی اسکیموں کو شفاف طریقہ سے مستحقین تک پہنچانے کے عزم کا اظہار کیا۔

KTR:

کے ٹی راما راؤ نے ضلع کھمم کے ویلوگمٹالا گاؤں کا دورہ کیا اور بھودان زمین سے بے دخل متاثرین سے ملاقات کی۔ انہوں نے متاثرہ خاندانوں کو یقین دلایا کہ پارٹی انصاف ملنے تک ان کے ساتھ کھڑی رہے گی اور ضرورت پڑنے پر سپریم کورٹ جانے کا مشورہ بھی دیا۔ مقامی افراد نے 30 ایکڑ زمین کے مبینہ غائب ہونے پر تشویش ظاہر کی۔

ADLURI:

تلنگانہ کے وزیرفلاح و بہبود اے لکشمن کمار نے کہا کہ ریاستی حکومت درج فہرست ذات کے طلبہ کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لئے اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے امبیڈکر بھون اور کاچی گوڑہ ایس سی ہاسٹل کے دورہ کے دوران اعلان کیا کہ انہیں رہائشی اکیڈمک مراکز میں تبدیل کیا جائے گا جہاں سول سروسز اور گروپ I و II امتحانات کی کوچنگ، ڈیجیٹل لائبریریاں اور ماہر اساتذہ دستیاب ہوں گے۔

INDIA ISRAEL MoU:

بھارت اوراسرائیل نے آج مختلف شعبوں میں متعدد مفاہمتی یادداشتوں پر تبادلہ کیا، جن میں ثقافتی تبادلہ، جغرافیائی وارضیاتی تحقیق، ماہی پروری اورآبی زراعت، یوپی آئی نظام اورمصنوعی ذہانت کے استعمال کے ذریعے تعلیم کے فروغ جیسے شعبے شامل ہیں۔ یہ مفاہمتی یادداشتیں وزیراعظم نریندرمودی اوران کے اسرائیلی ہم منصب بنجامن نتن یاہو کے درمیان وفود کی سطح پر ہونے والی بات چیت کے بعد طے پائیں۔ پنے پریس بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ بھارت اوراسرائیل کے تعلقات گہرے اعتماد، مشترکہ جمہوری اقدار اور انسانی ہمدردی کی مضبوط بنیاد پر قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں مما لک کے درمیان رشتہ ہرآزمائش پر پورا اترا ہے۔ وزیراعظم نے اعلان کیا کہ دونوں فریقوں نے اس تاریخی شراکت داری کو ''خصوصی تزویراتی شراکت داری'' کی سطح تک بلند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ دونوں مما لک نے اہم اورابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں شراکت داری قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے، جس سے مصنوعی ذہانت، کوانٹم ٹیکنالوجی اوراہم معدنیات جیسے شعبوں میں تعاون کونئی رفتار ملے گی۔ وزیراعظم نے یہ بھی بتایا کہ اسرائیل میں یوپی آئی کے استعمال پراتفاق ہوگیا ہے۔

CRICKET T-20

کرکٹ کی خبروں میں، آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں بھارت آج سوپر 8 گروپ '1' کے میچ میں زمبابوے کے خلاف چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں میدان میں اترے گا۔ میچ شام 7 بجے شروع ہوگا۔ میزبان بھارت کو سیمی فائنل کی امیدیں برقرار رکھنے کے لیے آج کا میچ جیتنا ضروری ہے اور اتوار کو ویسٹ انڈیز کے خلاف آخری گروپ میچ بھی اہم ہوگا۔ ایک اور میچ میں ویسٹ انڈیز نے احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ کے خلاف 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 176 رنز بنائے اور 177 رنز کا ہدف دیا۔ آخری اطلاعات تک جنوبی افریقہ کی ٹیم نے 12 اوورس میں ایک وکٹ کے نقصان سے 128 بنالئے ہیں۔ قبل ازیں جنوبی افریقہ نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا تھا۔

CS:

چیف منسٹر ریونت ریڈی کے وژن کے تحت تلنگانہ حکومت 100 روزہ ترقیاتی مہم شروع کرے گی۔ چیف سکریٹری کے رام کرشنا راؤ نے بی آر امبیڈکر سکریٹریٹ میں اعلیٰ سطحی اجلاس میں محکموں کو 2 مارچ تک حکمت عملی مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ مہم کے دوران صحت، تعلیم اور زراعت سمیت مختلف شعبوں میں مکمل شدہ عمارتوں کا افتتاح اور نئے منصوبوں کا آغاز کیا جائے گا جبکہ مقامی نمائندوں کے لئے بیداری پروگرام اور ای آفس نظام کے نفاذ پر بھی زور دیا جائیگا۔

Intermediate

تلنگانہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ کی جانب سے سال دوم انٹرمیڈیٹ کے پہلے پرچہ کا کامیاب انعقادعمل میں آیا۔ جملہ 4لاکھ 63ہزار354رجسٹرڈ امیدواروں میں سے 4لاکھ 52ہزار 980امیدواروں نے امتحان میں شرکت کی۔اس طرح 97.76فیصد حاضری ریکارڈ کی گئی۔ بڑی تعداد میں طلبہ نے امتحان میں شرکت کی جبکہ ورنگل اوررنگاریڈی اضلاع سے صرف 4 نقل نویسی معاملات کی اطلاعات ہیں۔

○○